13743 ـ رعایتی کارڈوں کا حکم

سوال

بعض کمپنیاں یا کلینک رعایتی کارڈ جاری کرتی ہیں جوایک کارڈ کی شکل میں سالانہ فیس کی ادائیگي کرنے پر ملتا ہے جس کی بنا پراسے سال بھر خریداری اورطبی معاینہ میں کچھ رعایت دی جاتی ہے ، لیکن اگرسال میں اس سے کچھ بھی استفادہ نہ کیا جائے توادا کردہ فیس واپس نہیں ہوتی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی سے ان کارڈوں اوراسے استعمال کرنے کے حکم کے بارہ میں سوال کیا گیا ۔

توشیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

یہ عمل جائز نہیں اس لیے کہ اس میں دھوکہ وفراڈ اورجہالت اور جوابازی بہت زیادہ شامل ہے اس لیے اسے ترک کرنا واجب ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ اھـ .